06/01/2026

09.25/ AM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ بصارت گل سے خبریں سُنیے۔

ایل جی

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے کہا ہے کہ کھیل کود کی قومی تحریک کا حصہ ہونے پر جموں کشمیر کوافتخار ہے ۔دمن اور دِیو مینکھیلو انڈیا کے تحت ساحلی کھیلوں کے دوسرے ایڈیشن کی افتتاحی تقریب مینشرکت کرتے ہوئے انہوں نے کہاکہ کشمیر سے کنیاکماری تک سرکار نوجوانوں کو کھیل کود کی قوت سے با اختیار بنانے کیلئے پر عزم ہے۔

لیفٹنٹ گورنرنے کہاکہ نوجوان کھلاڑی صرف روایتی کھیلوں تک محدود نہیں ہیں بلکہ وہ اپناخون پسینہ ایک کرکے نئی بلندیوں کو سر کر رہے ہیں۔انہوں نے کھلاڑیوں کو مشورہ دیا کہ وہ ایک بھارت شریشٹھ بھارت کے سفیر بن کر دِیو کی مہمان نوازی اور اس کے انمول کلچر کے بارے میں اپنے اپنے علاقوں میں چرچا کریں۔

بجلی

کو ہدایت دی ہے کہ وہ سلال ریزروائر کو چالو کرنے میں NHPC بجلی کی مرکزی وزارت نے کی NHPC حائل رکاوٹوں کو فوری طور سے دور کریں ۔جموں کے دور ے کے دوران یو ٹی میں طرف سے عملائے جا رہے پن بجلی پروجیکٹوں کا جائزہ لیتے ہوئے بجلی کے مرکزی وزیر منوہر لال نے جموں کشمیر کے آبی وسائل کو مکمل طور سے بروئے کارلانے کی ضرورت اجا گر کی ۔ دو روزہ دورے کے دوران وزیر موصوف ریاسی، رام بن اور کشتوار اضلاع کے پروجیکٹوں کا جائزہ لے رہے ہیں ۔ ان کے ہمراہ بجلی کی وزات کے سیکریٹری پنکج اگروال بھی ہیں۔

سکینہ

وزیر تعلیم سکینہ ایتو نے اساتذہ پر زور دیا ہے کہ وہ تعلیم کے شعبے کو در پیش چیلنجوں کا مقابلہ کرنے کے لئے جدید اور اختراعی ٹیکنالوجی کو بروئے کار لائیں ۔ ادھمپور میں اساتذہ کے ایک روزہ کنونشن سے خطاب کرتے ہوئے وزیر موصوفہ نے سماج کو با اختیار بنانے اور اسے ایک ترقیاتی نہج دینے میں اساتذہ کے کلیدی رول کو اجا گر کیا ۔

چیف سیکریٹری

چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے کہا ہے کہ جموں کشمیر میں 15 بڑے پروجیکٹ پرگتی پلیٹ فارم کے ذریعے سے براہِ راست وزیر اعظم کی نگرانی میں ہیں۔ جموں میں ایک پریس بریفنگ کے کے Pragati دوران یوٹی میں بڑے ترقیاتی پروجیکٹوں کی عمل آوری میں سرعت لانے کیلئے مثبت رول کو اجا گر کرتے ہوئے، انہوں نے کہا کہ پرگتی @50 کی بدولت ان متعدد پروجیکٹوں کو مکمل کرنے میں مدد ملی ہے جو مختلف وجوہات کی بنا پر دہائیوں تک التواءمیں پڑے ہوئے تھے ۔اٹل ڈلو نے کہا کہ اس نظام کے ذریعے سے اب تک جموں کشمیر میں 53 ہزار کروڑ روپے لاگت والے پروجیکٹوں کو مکمل کیا گیا ۔

ستیش شرما

کابینی وزیر ستیش شرما نے کہا ہے کہ گرو گوبند سنگھ جی نے نہ صرف سماج کی مضبوط روحانی اور اخلاقی بنیاد رکھی تھی بلکہ انہوں نے ساتھ ہی لوگو ں کونا انصافی اور ظلم کے خلاف کھڑا ہونے کا حوصلہ بھی بخشا تھا ۔وزیر موصوف نے کل گرو گوبند سنگھ جی کے کور گردوارہ کے علاوہ جموں شہر کے کچھ دیگر گرد Buwi پرکاش پورب کے موقعے پر چاند واروں میں حاضری دے کر سکھوں کے دسویں گرو کی خدمات کو یاد کرتے ہوئے انہیں خراج عقیدت ادا کیا۔

ونٹر

وادی میں درجہ حرارت میں گراوٹ کے ساتھ ہی گرمی دینے والے آلات کا استعمال بڑھ گیاہے۔ تاہم ضرورت اس بات کی ہے کہ ان آلات کے استعمال کے دوران انتہائی احتیاط برتی جائے۔

جرمنی چانسلر

وزیر اعظم نریندر مودی کی دعوت پر 12اور13جنوری کو Friedrich Merz جرمنی کے چانسلر بھارت کے سرکاری دورے پر آنے والے ہیں۔دونوں لیڈر بھارت اور جرمنی کے بیچ گذشتہ 25برسوں کی سٹریٹجک تعلقات کے مختلف پہلوؤں اور اب تک کی پیشرفت کا جائزہ لیں گے۔

وزارت خارجہ نے کہا ہے کہ مہمان چانسلر احمد آباد اور بنگلورو کا بھی دور ہ کریں گے۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت منفی4 ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت5اعشاریہ2 ڈگری سیلشیس ریکارڈ کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر

اردو میں نشر ہو گا ۔

ہمیں دیجئے اجازت، خدا حافظ